## سندھی زبان کے ادیب وشاعر احمد خان مدہوش کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس
## سندھ دھرتی ایک بڑی ادبی شخصیت سے محروم ہوگئی

لندن۔۔۔27، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھی زبان کے ادیب وشاعر احمد خان مدہوش کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ احمد خان مدہوش سندھ دھرتی کی معتبر اور نامور شخصیت تھی اور ان کے ان کے انتقال سے دنیائے ادب میں پیدا ہونے والا خلا آسانی سے پر نہیں ہوسکے گا۔انہوں نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

دریں اثناء احمد خان مدہوش کو دادو کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا نماز جنازہ اور تدفین میں سیاسی وادبی شخصیات کے علاوہ وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی غلام حیدر راہو اور ایم کیوایم دادو زونل کمیٹی کے ارکان نے بھی شرکت کی۔انہوں نے سوگوار لواحقین سے ملاقات بھی کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ایم کیوایم کے نمائندے کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ہمراہ رہے اور انہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان وقار عالم اور ذیشان المبین کے قتل کا نوٹس لیا جائے،حق پرست اراکین سینیٹ

کراچی۔۔۔27، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے شاہ فیصل کالونی میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن وقار عالم اور یونٹ 105 کے کارکن ذیشان المبین کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں قتل وغارتگری میں ملوث دہشت گرد شہر کی ترقی کا پہیہ جام کرکے ملک کی معیشت پر کاری قدغن لگانا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جنوری 2009ء سے لیکر جون 2010ء تک ایم کیوایم کے 143 کارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بناکر بے دردی سے شہید کردیا گیا ہے لیکن آج تک کسی بھی کارکن کے قاتل گرفتار نہیں کیے گئے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شہر کراچی میں امن وامان کی فضا اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا فروغ چاہتی ہے اور ایم کیوایم کو حق پرستی کی جدوجہد سے باز رکھنے کیلئے اس کے کارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔حق پرست اراکین سینیٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکنان وقار عالم شہید اور ذیشان المبین شہید کے قاتلوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی جائے انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم دادو زون کے جوائنٹ زونل انچارج بابر علی کے چھوٹے بھائی نادر علی عباسی، ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 8 کے کارکن ایوب جنجوعہ کی ہمشیرہ محترمہ عزرہ بی بی اور ایم کیوایم آگرہ تاج کالونی سیکٹر کے رکن غلام ربانی کی صاحبزادی ماہ نور کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے(آمین)

## رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر نعیم احمد اور رمیز شیخ کو تحریک کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا

کراچی۔۔۔27، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے کارکن نعیم احمد ولد ضمیر احمد اور ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 172 کے کارکن رمیز شیخ ولد محمد نذیر کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ مذکورہ بالا افراد سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆